جب ہم اسے اپنی طرف سے نعمت دے کر اُبھار دیتے ہیں تو کہتا ہے کہ یہ تو مجھے علم کی بنا پر دیا گیا ہے! نہیں، بلکہ یہ آزمایش ہے‘ مگر ان میں سے اکثر لوگ جانتے نہیں۔ (الزمر ۳۹:۴۹)

یہ دنیا کی نعمتیں

مقبولِ بارگاہ الٰہی ہونے کی علامت یا دلیل نہیں ہیں‘

نہ لازماً اہلیت و قابلیت کی بنیاد پر مل رہی ہیں۔

______ بہ کثرت ایسے نیک آدمی مصائب میں مبتلا ہیں جن کے نیک ہونے سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔

______ بہت سے ایسے بُرے آدمی عیش کر رہے ہیں جن کی قبیح حرکات سے ایک دنیا واقف ہے۔

کیا کوئی صاحبِ عقل آدمی ایک کی مصیبت اور دوسرے کے عیش کو اس بات کی دلیل بنا سکتا ہے کہ اللہ نیک انسانوں کو پسند نہیں کرتا اور بد انسانوں کو وہ پسند کرتا ہے۔

یہاں جو کچھ مل رہا ہے آزمایش اور امتحان کے طور پر مل رہا ہے۔

(ماخوذ: تفہیم القرآن‘ ج ۴‘ ص ۳۷۸)

(خیرخواہ)